**SECONDARY SCHOOL EXAMINATION 2022 (ANNUAL)**

**MODEL SET**

**URDU (MT)**

**Total No. of Questions: 100+4=104** | **Total No. of Printed Pages:14**

**Time: 3 Hours 15 Minutes** | **Full Marks: 100**

**Instruction for the candidate:**

1 Candidate must enter his/her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.

2 Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.

3 Figures in the left hand margin indicate full marks.

4 15 Minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.

5 This question paper is divided into two Sections.**Section-A** and **Section-B.**

6 In Section-A, there are 100 objective type questions, each carrying 1 mark out of which only 50 questions are to be answered. Darken the circle with blue/black ball pen against the correct option on OMR Sheet provided to you. If more than 50 questions are answered, only first 50 will be evaluated. Do not use whitener/liquid/ blade/nail etc. on OMR Sheet, otherwise the result will be invalid.

7 In Section-B, there are 4 short answer and long answer type questions. Marks indicate left side against each questions.

8 Use of any electronic appliances is strictly prohibited.

ہدایات:

1 امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔

2 امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔

3 بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

4 سوالات پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔

5 یہ سوال نامہ دو حصوں پر مشتمل ہے- سیکشن-A اور سیکشن-B

6 سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر ایک کے لئے ایک نمبر مختص ہے۔ ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ OMR شیٹ پر دیے گئے صحیح جواب کے سامنے نیلے / کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائیگا۔ OMR شیٹ پر وائٹ نر/ سیال/ بلیڈ/ ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ نا قابل قبول ہوگا۔

7 سیکشن-B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لئے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔

8 کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے۔ 50x1=50

1 ''حمد خدائے عزوجل'' میں ''ذوالجلال'' کس کے لئے آیا ہے؟

(A) بزرگان دین کے لئے　(B) انبیائے کرام کے لئے

(C) رسول ﷺ کے لئے　(D) خدا کے لئے

2 ''شبنم'' کیا ہے؟

(A) عرف　(B) خطاب

(C) لقب　(D) تخلص

3 جس نظم میں پیارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف بیان کی جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) حمد　(B) نعت

(C) منقبت　(D) قصیدہ

4 سہیل عظیم آبادی کہاں پیدا ہوئے؟

(A) گیا　(B) پٹنہ

(C) بھاگلپور　(D) مظفرپور

5 بھابی جان کی غیر موجودگی میں رقیہ بھابی دل بہلانے اور وقت کاٹنے کے لئے کیا کرتی تھیں؟

(A) سلائی وکڑھائی کرتی تھیں　(B) رسالہ پڑھا کرتی تھیں

(C) ٹی وی دیکھا کرتی تھیں　(D) خطوط لکھا کرتی تھیں

6 نور کی ضد کیا ہوگی؟

(A) کلفت　(B) ظلمت

(C) حکمت　(D) شرکت

7 ''فرار'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) سہیل عظیم آبادی　(B) ڈاکٹر محمد محسن

(C) شکیلہ اختر　(D) قمر جہاں

8 قمر جہاں کا پہلا افسانہ کون ہے؟

(A) عہد وفا　(B) صنم بے وفا

(C) جنون وفا　(D) صلہ وفا



BiharboardQuestionpaper.com

9 مادہ پرست صرف............

(A) حال میں جی رہے ہوتے ہیں
(B) ماضی میں جی رہے ہوتے ہیں
(C) مستقبل میں جی رہے ہوتے ہیں
(D) حال، ماضی اور مستقبل میں جی رہے ہوتے ہیں

10 نگار عظیم کا افسانہ ''آشیانہ'' کس طرح کا افسانہ ہے؟

(A) نفسیاتی
(B) سماجی
(C) رومانی
(D) جاسوسی

11 کیوٹو میں گلوبل وارمنگ پر کانفرنس کب ہوئی تھی؟

(A) 2007ء میں
(B) 2006ء میں
(C) 2005ء میں
(D) 2004ء میں

12 دھان کے کھیتوں اور گائے بھینس کے گوبر سے کون سی گیس بنتی ہے؟

(A) میتھن گیس
(B) آبخرہ
(C) کاربن ڈائی آکسائڈ
(D) آکسیجن

13 ''آثار الصنادید'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) سرسید
(B) شبلی
(C) حالی
(D) ذکاءاللہ

14 ڈاکٹر عبدالمغنی کے مطابق ادب سمجھنے والوں کا حلقہ روز بروز کیا ہو رہا ہے؟

(A) بڑھتا جارہا ہے
(B) گھٹتا جارہا ہے
(C) نہ بڑھ رہا ہے اور نہ گھٹ رہا ہے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

15 بھیم راؤ کی مادری زبان کیا تھی؟

(A) مراٹھی
(B) گجراتی
(C) اڑیا
(D) ہندی

16 آغا حشر کشمیری کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) شاعری
(B) ڈراما
(C) افسانہ
(D) تنقید

17 لطف الرحمٰن کو اردو تدریس کے علاوہ کس چیز سے زیادہ دلچسپی تھی؟

(A) سیاست
(B) تجارت
(C) وکالت
(D) حکمت



BiharboardQuestionpaper.com

18 زمین کے باشندوں کو کتنے طرح کے گرہن سے واسطہ پڑتا ہے؟

(A) دو (B) چار

(C) تین (D) ایک

19 ''آریہ سدھانت اور تنتر'' کتاب کہاں لکھی گئی؟

(A) پٹنہ (B) تریگنا

(C) کھگول (D) گیا

20 زمین کس کا طواف کرتی ہے؟

(A) چاند (B) سورج

(C) زحل (D) مشتری

21 نذیر احمد کی وفات کب ہوئی؟

(A) 1909ء میں (B) 1910ء میں

(C) 1911ء میں (D) 1912ء میں

22 غالب کا اصل نام کیا تھا؟

(A) اسداللہ خان (B) اسعداللہ خان

(C) اسجداللہ خان (D) اسیراللہ خان

23 غدر کا واقعہ کب ہوا؟

(A) 1857ء میں (B) 1858ء میں

(C) 1856ء میں (D) 1859ء میں

24 شامل نصاب مکتوب شہباز نے کس کے نام لکھا ہے؟

(A) بیوی کے نام (B) بیٹی کے نام

(C) بہن کے نام (D) بھائی کے نام

25 عبدالغفور شہباز کا تعلق کس صوبہ سے تھا؟

(A) جھارکھنڈ (B) بہار

(C) یوپی (D) مغربی بنگال

26 مہدی افادی نے کتنی شادیاں کیں؟

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ



BiharboardQuestionpaper.com

27 شامل نصاب انٹرویو میں کس کا انٹرویو لیا گیا ہے؟

(A) پریم چند (B) بیدی

(C) کرشن چندر (D) منٹو

28 فیاض رفعت کا تعلق کس شعبے سے تھا؟

(A) تدریس سے (B) آل انڈیا ریڈیو سے

(C) تنقید سے (D) سیاست سے

29 چکبست کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) رامپور (B) لکھنؤ

(C) فیض آباد (D) الہٰ آباد

30 شامل نصاب نظم ''مناظر فطرت / مناظر قدرت'' کے شاعر کون ہیں؟

(A) محروم (B) آزاد

(C) چکبست (D) اکبرالہٰ آبادی

31 جگن ناتھ آزاد کا انتقال کب ہوا؟

(A) 2004ء میں (B) 2005ء میں

(C) 2003ء میں (D) 2006ء میں

32 پرویز شاہدی نے کس سال میٹرک کیا؟

(A) 1925ء میں (B) 1926ء میں

(C) 1931ء میں (D) 1932ء میں

33 مرض تنفس سے کس کی موت ہوئی ہے؟

(A) پریم چند (B) بیدی

(C) پرویز شاہدی (D) ندافاضلی

34 ''بجلی کا کھمبا'' کے شاعر کون ہیں؟

(A) چکبست (B) جگن ناتھ آزاد

(C) پرویز شاہدی (D) ندافاضلی

35 ندافاضلی نے اپنی نظموں میں سماج کے کس طبقہ کے مسائل کو ابھارا ہے؟

(A) اعلیٰ طبقہ (B) تاجر

(C) کمزور طبقہ (D) خوشحال طبقہ



BiharboardQuestionpaper.com

36 ''نظم بہت آسان تھی پہلے'' کس طرح کی نظم ہے؟

(A) پابند نظم
(B) نظم معریٰ
(C) آزاد نظم
(D) ان میں سے کوئی نہیں

37 سید محمد جعفری کے والد کا کیا نام تھا؟

(A) سید احمد جعفری
(B) سید محمد علی جعفری
(C) سید احمد علی جعفری
(D) سید جعفری

38 نظم ''کھڑا ڈنز'' کے شاعر کون ہیں؟

(A) سید محمد جعفری
(B) ندا فاضلی
(C) پرویز شاہدی
(D) چکبست

39 ''رجز'' کس صنف شاعری کا حصہ ہے؟

(A) مثنوی
(B) قصیدہ
(C) مرثیہ
(D) قطعہ

40 جس نظم میں کسی کے مرنے پر غم کا اظہار کیا جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) مثنوی
(D) رباعی

41 غالب کے آباؤ اجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے؟

(A) ایران
(B) سعودی عرب
(C) افغانستان
(D) عراق

42 شاعر کی حیثیت سے غالب کی طبیعت کیسی تھی؟

(A) قدامت پسند
(B) جدّت پسند
(C) رومان پسند
(D) حقیقت پسند

43 شوق کے والد کا کیا نام تھا؟

(A) آغا علی خاں
(B) مرزا علی خاں
(C) امجد علی خاں
(D) احمد علی خاں

44 مثنوی ''زہر عشق'' میں کس کی لڑکی کا تذکرہ ہوا ہے؟

(A) بادشاہ کی لڑکی
(B) نواب کی لڑکی
(C) سوداگر کی لڑکی
(D) وزیر کی لڑکی



BiharboardQuestionpaper.com

45 شوق لکھنوی کا پورا نام کیا ہے؟

(A) تقدس حسین خاں
(B) تصدق حسین خاں
(C) تکلم حسین خاں
(D) تکلف حسین خاں

46 نسیم کی وفات کتنے سال کی عمر میں ہوئی؟

(A) 30
(B) 34
(C) 40
(D) 42

47 ''بکاؤلی'' کس مثنوی کی کردار ہے؟

(A) جذبۂ محبت
(B) سحرالبیان
(C) گلزارنسیم
(D) سوزوگداز

48 گنگا پرشاد کول، دیاشنکر نسیم کے کون تھے؟

(A) دادا
(B) چچا
(C) والد
(D) بیٹا

49 مصحفی کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

(A) لکھنؤ
(B) امروہہ
(C) بنارس
(D) غازی پور

50 کون مشہور شاعر مصحفی کے شاگرد تھے؟

(A) آتش
(B) غالب
(C) مومن
(D) انیس

51 مبارک عظیم آبادی کے والد کا کیا نام ہے؟

(A) فدا حسین وامق
(B) عطا حسین
(C) محی الدین سالک
(D) رضا حسین

52 جس غزل میں ردیف نہ ہو اس غزل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) معرىٰ
(B) مردف
(C) غیرمردف
(D) آزاد

53 احمد فراز کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(A) ہندوستان
(B) افغانستان
(C) پاکستان
(D) ایران



BiharboardQuestionpaper.com

54 حسن نعیم کا سنہ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1923ء
(B) 1924ء
(C) 1925ء
(D) 1926ء

55 پروین شاکر کس حیثیت سے مشہور ہیں؟

(A) غزل گو
(B) مرثیہ گو
(C) داستان گو
(D) ناول نگار

56 عرفان صدیقی کا انتقال کب ہوا؟

(A) 2003ء میں
(B) 2004ء میں
(C) 2005ء میں
(D) 2006ء میں

57 شامل نصاب ''دوہے'' کے شاعر کون ہیں؟

(A) فراق گورکھپوری
(B) اختر گورکھپوری
(C) ظفر گورکھپوری
(D) مظفر گورکھپوری

58 ''دوہا'' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دو
(B) تین
(C) چار
(D) چھ

59 اردو میں گیت کی شمولیت کس شاعری کے ذریعہ ہوئی ہے؟

(A) فارسی
(B) عربی
(C) ہندی
(D) انگریزی

60 سلام مچھلی شہری کب پیدا ہوئے؟

(A) 1919ء میں
(B) 1920ء میں
(C) 1921ء میں
(D) 1922ء میں

61 اردو شاعری کا پہلا دبستان کون ہے؟

(A) دبستان دہلی
(B) دبستان دکن
(C) دبستان لکھنؤ
(D) دبستان عظیم آباد

62 آزادی کے بعد ہندوستان میں نئے ریاستوں کی تشکیل کن بنیادوں پر عمل میں آئیں؟

(A) سیاسی
(B) جغرافیائی
(C) لسانی
(D) مذہبی



BiharboardQuestionpaper.com

63 افسانہ ''سیکنڈ ہینڈ'' کے افسانہ نگار کون ہیں؟

(A) ہری موہن جھا
(B) ویکوم محمد بشیر
(C) اندرا گوسوامی
(D) مہاشویتا دیوی

64 واترک ندی کس صوبہ میں واقع ہے؟

(A) پنجاب
(B) کشمیر
(C) مہاراشٹرا
(D) گجرات

65 کرناٹک کی زبان کیا ہے؟

(A) کنڑ
(B) پنجابی
(C) گجراتی
(D) آسامی

66 کیتو کس جرم میں جیل جاتا ہے؟

(A) چوری کے جرم میں
(B) شراب نوشی کے جرم میں
(C) زنا کے جرم میں
(D) جنگل کاٹنے کے جرم میں

67 آسام میں کون زبان بولی جاتی ہے؟

(A) بنگلہ
(B) آسامی
(C) میتھلی
(D) ڈوگری

68 پشاچی اپ بھرنش سے کون زبان نکلی ہے؟

(A) اردو
(B) پنجابی
(C) مراٹھی
(D) کشمیری

69 ''بارش کی ایک صبح'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) امریتا پریتم
(B) سیتا کانت مہاپاترا
(C) ارون کولہٹکر
(D) کے سچیدانند

70 شامل نصاب نظم ''وہ ملاقات'' کس زبان کی نظم ہے؟

(A) تمل
(B) ملیالم
(C) مراٹھی
(D) اڑیا

71 ''پڑھے گا'' کس طرح کا فعل ہے؟

(A) ماضی
(B) حال
(C) مستقبل
(D) مضارع

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...
BiharboardQuestionpaper.com
अभी विजिट करें ..
BiharboardQuestionpaper.com



BiharboardQuestionpaper.com

72 درج ذیل میں خطاب کون ہے؟

(A) امیر شریعت
(B) خان بہادر
(C) شیخو
(D) شاد

73 مناسب لفظ سے جملہ مکمل کیجئے۔تم کہاں جاتے...............؟

(A) ہیں
(B) ہو
(C) ہوں
(D) ہے

74 ''مغرب'' کی ضد کیا ہوگی؟

(A) مشرق
(B) شمال
(C) جنوب
(D) غروب

75 ''اینٹ سے اینٹ بجانا'' کا مطلب کیا ہوگا؟

(A) اینٹ توڑنا
(B) سخت مصیبت آنا
(C) غصہ ہونا
(D) نیست ونابود کردینا

76 شوق کا مترادف کیا ہوگا؟

(A) ذوق
(B) لطف
(C) خوف
(D) شائق

77 ''باغیچہ'' اسم کی کون سی قسم ہے؟

(A) اسم آلہ
(B) اسم مصغر
(C) اسم صوت
(D) اسم حالیہ

78 رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) ایک
(B) دو
(C) تین
(D) چار

79 ''مدح'' کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A) غزل
(B) رباعی
(C) قصیدہ
(D) مثنوی

80 اسم جمع کی مثال ہے-

(A) فوج
(B) لڑکیاں
(C) لڑکی
(D) عورت



BiharboardQuestionpaper.com

81 کام کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مفعول (B) فاعل

(C) فعل (D) اسم

82 اسم اگر گنتی میں ایک سے زیادہ ہو تو کیا کہتے ہیں؟

(A) واحد (B) جمع

(C) جمع الجمع (D) اوصاف

83 کسی کام کے کرنے کا شک کس فعل میں ملتا ہے؟

(A) احتمالی (B) امر

(C) شرطیہ (D) تمنائی

84 ذیل میں کلمہ کون ہے؟

(A) وائے (B) وائی

(C) جھگڑا (D) وگڑا

85 ''احمد لکڑی کی کرسی پر بیٹھا۔'' اس جملہ میں فعل کون ہے؟

(A) احمد (B) لکڑی

(C) کرسی (D) بیٹھا

86 صحیح جملہ منتخب کیجئے۔

(A) ارجن نے دیکھا (B) ارجن دیکھا

(C) ارجن سے دیکھا (D) ارجن نے دیکھی۔

87 گائے کا مذکر کیا ہے؟

(A) بھینس (B) بھینسا

(C) بیل (D) بچھڑا

88 متضاد الفاظ کی مثال ہے-

(A) نشیب وفراز (B) خط وکتابت

(C) رنج وغم (D) حسن وجمال

89 غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

(A) مطلع (B) مقطع

(C) حسن مطلع (D) ان میں سے کوئی نہیں



BiharboardQuestionpaper.com

90 کلمہ جامد کی مثال ہے؟

(A) پہاڑ (B) پڑھنا

(C) لکھنا (D) سننا

91 ''احمد پٹنہ جارہا ہے۔''اس میں فعل کیا ہے؟

(A) احمد (B) پٹنہ

(C) جارہا ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

92 ''مرزا اسداللہ خاں غالب''میں''غالب''کیا ہے؟

(A) لقب (B) عرف

(C) تخلص (D) خطاب

93 فکر کی جمع کیا ہوگی؟

(A) مفکر (B) افکار

(C) تفکر (D) ان میں سے کوئی نہیں

94 ''ذہین طالب علم''میں ذہین کیا ہے؟

(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف

(C) صفت (D) فعل

95 ''تم آئے تھے''کون صیغہ ہے؟

(A) واحد غائب (B) واحد حاضر

(C) جمع حاضر (D) واحد متکلم

96 ماضی بعید کی پہچان کیجئے۔

(A) وہ آیا (B) وہ آیا ہے

(C) وہ آیا تھا (D) وہ آتا تھا

97 ابن مریم کس کی مثال ہے؟

(A) لقب (B) عرف

(C) کنیت (D) تخلص

98 اسم تعداد کی پہچان کیجئے۔

(A) اسکول (B) قلم

(C) گیارہ (D) گھر



BiharboardQuestionpaper.com

99 کفر کی ضد بتائیں۔

(A) کافر
(B) کفار
(C) ایمان
(D) مسلم

100 رباعی کی جمع کیا ہوگی؟

(A) مربع
(B) رباعیات
(C) اربع
(D) رباعیوں

## SECTION - B

1 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے۔ 1x10=10

(a) محرم
(b) برسات کا موسم
(c) انتخاب
(d) اے پی جے عبدالکلام
(e) یوم جمہوریہ (۲۶ر جنوری)

2 اپنے والد کو خط لکھئے جس میں میٹرک کی تیاری کا ذکر ہو۔ 5

یا

اپنے پرنسپل کو درخواست لکھئے جس میں کھیل کا سامان دستیاب کرانے کا ذکر ہو۔

3 درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالات کا جواب مختصراً دیجئے۔ 10x2=20

(a) نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے۔
(b) سہیل عظیم آبادی کہاں پیدا ہوئے؟
(c) انٹرویو لینے والے کا نام کیا ہے؟
(d) سرسید کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں ہے؟
(e) شبنم کمالی کہاں پیدا ہوئے؟
(f) اردو کے کسی دو افسانہ نگاروں کے نام لکھئے۔
(g) ڈاکٹر محمد محسن کس موضوع پر مہارت رکھتے تھے؟
(h) کیوٹو میں گلوبل وارمنگ پر کانفرنس کب ہوئی؟



BiharboardQuestionpaper.com

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...
BiharboardQuestionpaper.com
अभी विजिट करें ..

(i) ڈاکٹر عبدالمغنی کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(j) ہندوستان میں موجود کسی دو علاقائی زبانوں کے نام لکھیے۔

(k) اسم نکرہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

(l) بھیم راؤ کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

(m) سیاہ رنگ کا کالا صندوق ترادوئی کو کہاں ملا تھا؟

(n) مہدی افادی کا اصل نام کیا ہے؟

(o) غالب کا پورا نام کیا ہے؟

(p) آغا حشر کے کسی ایک ڈرامہ کا نام لکھیے۔

(q) شمی کون تھی؟

(r) لطف الرحمٰن کس سیاسی جماعت سے وابستہ تھے؟

(s) افسانہ ''بھابی جان'' کس کی تخلیق ہے؟

(t) اردو کس زبان سے نکلی ہے؟

4 درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین کا جواب دیجیے۔ 3x5=15

(a) افسانہ ''بھابی جان'' کے کس کردار نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا اور کیوں؟

(b) غالب کی حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

(c) مضمون نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(d) افسانہ ''کٹی ہوئی شاخ'' کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

(e) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھیے۔

(i) نور (ii) عدد (iii) ضد (iv) روح
(v) شعر (vi) خبر (vii) فعل (viii) فن
(ix) مرکز (x) رقم

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھیے۔

(i) کفر (ii) موت (iii) اول (iv) جنگ
(v) حق (vi) عروج (vii) ممکن (viii) جدید
(ix) عالم (x) انکار

**********



BiharboardQuestionpaper.com